ڈائریکٹر پریس سندھ پولیس آفس۔ فون:۔ 021-99212639

سکھر،لاڑکانہ اور بالخصوص کچے کے علاقے میں امن وامان کی صورتحال پر ویڈیو لنک اجلاس۔

کراچی 15فروری 2020ء:۔

سکھر لاڑکانہ اور بالخصوص کچے کے علاقوں میں روڈ نیٹ ورک اور جرائم کیخلاف باہمی مشاورت اور سیر حاصل اقدامات پر مشتمل جامع ایکشن پلان تیار کر کے برائے ملاحظہ ومزید ضروری ہدایات ارسال کیا جائے۔ یہ ہدایات آئی جی سندھ ڈاکٹر سید کلیم امام نے سکھر،لاڑکانہ اور کچے کے علاقوں میں امن وامان کی صورتحال پر سینٹرل پولیس آفس کراچی میں ہونیوالے ایک اعلیٰ سطحی جائزہ اجلاس کے دوران دیں۔

اجلاس میں ایڈیشنل آئی جی سکھر ڈاکٹر جمیل احمد کے علاوہ سکھر لاڑکانہ رینج کے ڈی آئی جیز اور ضلعی ایس ایس پیز نے بھی ذریعہ ویڈیو لنک جبکہ ایڈیشنل آئی جیز سی ٹی ڈی، آپریشنز، اسپیشل برانچ/ای اینڈ ٹی، ڈی آئی جیز، ہیڈکوارٹرز، فائنانس، اسٹیبلشمنٹ، سی ٹی ڈی، انویسٹی گیشن، ٹی اینڈ ٹی/آئی ٹی، آپریشنز سمیت اے آئی جیز لاجسٹک/ایڈمن، آپریشنز، ویلفیئر/پی ایس او، اسٹیبلشمنٹ/فائنانس نے براہِ راست شرکت کی۔

اس موقع پر سکھر لاڑکانہ رینج کے ایس ایس پیز نے متعلقہ اضلاع میں امن وامان کی موجودہ صورتحال اور مختلف نوعیت کے جرائم کیخلاف پولیس حکمت عملی، لائحہ عمل اور ایکشن پلانز پر علیحدہ علیحدہ تفصیلی بریفنگ دی جس پر آئی جی سندھ نے ہدایات دیں کہ تین ماہ پر مشتمل پولیس کارکردگی رپورٹس کو میڈیا کے ساتھ شیئر کیا جائے تا کہ عام لوگوں میں پولیس پر اعتماد اور احساس تحفظ کے شعور کو مزید ٹھوس اور پائیدار بنایا جا سکے۔

انہوں نے جرائم اور بالخصوص کچے کے علاقوں میں پولیس کے منظم ٹھوس اور کامیاب کاروائیوں پر سکھر اور لاڑکانہ رینج کے افسران اور جوانوں کو شاباش دیتے ہوئے کہا کہ گرچہ پولیسنگ مشکل سہی تاہم اگر اپنے اہداف اور مقاصد کا تعین کر کے آگے بڑھا جائے تو کوئی وجہ نہیں کہ کامیابیاں آپکا مقدر نہ بنیں۔انہوں نے کہا کہ لوگوں کی جان ومال کا تحفظ پولیس کے بنیادی فرائض ہیں۔لہٰذا ایسے اقدامات اُٹھائے جائیں جس سے اغواء برائے تاوان،ہائی وے رابریز و دیگر سنگین جرائم کے انسدادی اقدامات کو نا صرف ٹھوس بلکہ ثمر آور بھی بنایا جا سکے۔

انہوں نے مزید ہدایات دیں کہ جرائم کیخلاف درکار افرادی قوت،اسلحہ ایمونیشن اور بکتر بند گاڑیاں آپکے ڈسپوزل پر لازماً دی جائینگی جسکا مقصد جرائم کیخلاف جنگ میں مقابلے کی استعدادی صلاحیت کو تقویت دیکر منظم اور مربوط بنانا ہے۔

۔۔۔

ڈائریکٹر پریس سندھ پولیس آفس۔ فون:۔ 021-99212639

لوئر اسکول کورس اور جونیئر کمانڈ کورس کے شرکاء کو انگریزی زبان کی تعلیم بھی دی جائیگی۔

کراچی 15 فروری 2020ء:۔

آئی جی سندھ ڈاکٹر سید کلیم امام کی رہنماہدایات کی روشنی میں پولیس کے تربیتی مراکز میں بنیادی انگریزی زبان کی تعلیم اور اسکے فروغ پر مشتمل کتاب کو نصاب میں شامل کیا جارہا ہے۔

محترمہ سونیا کاظم اور سیماب آصف کی جانب سے ترتیب کردہ اس نصاب میں جونیئر کمانڈ کورس اور ریکروٹ لوئر اسکول کورس میں شریک پولیس اہلکاروں کے لیئے انگریزی زبان کی تعلیم/فروغ اور فی زمانہ اسکی اہمیت اور افادیت جیسی تفصیلات کا مختلف اسباق کے ذریعے احاطہ کیا گیا ہے۔

ترتیب کردہ نصاب کے تحت انگریزی زبان میں روزانہ کے دفتری معاملات اور دیگر متعلقہ امور پر بات چیت، انگلش گرامر کے استعمال، فاعل کیا ہے مفعول کیا ہے یا خطوط درخواست، سمری وغیرہ کی ترتیب میں گرامر کے تحت استعمال ہونیوالے مختلف آرٹیکلز، پری پوزیشن، ڈائریکٹ، ان ڈائریکٹ، ایکٹیو وائس، پیسو وائس اور انگریزی بول چال یا تحریر میں انھیں کس طرح استعمال میں لانا ہے یا بولنا ہے اس حوالے سے بھی بتایا گیا ہے۔

آئی جی سندھ کا کہنا تھا کہ تربیتی مراکز کی سطح پر ٹرینیز کو انگریزی زبان کی تعلیم اور اسکے فروغ جیسے اقدامات نا صرف دور حاضر کا تقاضہ بلکہ ضرورت بھی ہے۔ اس عمل سے پولیس اہلکاروں کو بالخصوص انگریزی بول چال اور تحریر جیسے اقدامات پر یقینی عبور حاصل ہو جائیگا۔

۔۔۔